حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: مفتاح العلوم کی قسم ثالث کی 3 خوبیاں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: مفتاح العلوم میں کون سے ایسے 3 کام تھے جن کو پورا کرنے کے لیے تلخیص المفتاح کو تحریر کرنے کی ضرورت پیش آئی؟

سوال نمبر 3: بلاغت کا اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "فَاحِمًا مَرْسِنًا مُسَرَّجًا" کا لفظی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: تنافر حروف اور تنافر کلمات میں مثال کے ذریعے فرق واضح کیجئے۔

سوال نمبر 6: تعقید فی النظم کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: فصاحت فی المتکلم کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے اور ساتھ ترجمہ بھی کیجئے۔

سوال نمبر 8: بلاغت فی المتکلم کا اصطلاحی معنی عربی میں تحریر کیجئے اور ساتھ ترجمہ بھی کیجئے۔

سوال نمبر 9: علم معانی کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: لازم فائدۃ الخبر کی عربی میں تعریف کرتے ہوئے مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 11: غیر منکر کو منکر کے درجے میں رکھنے کی شرط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: "جاءزيدو أنت تعلم أنه لم يجئ" کس کی مثال ہے؟ نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 13: "هي عصاى" ذکر مسند الیہ میں کس صورت کی مثال ہے؟ نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 14: "وباللام للإشارة الى معهود" مذکورہ صورت کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: "زيد التاجر عندنا" کس کی مثال ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: "هو يعطى الجزيل" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 17: "شَرٌّ أَهَرَّ ذَا نَاب" ترجمہ کیجئے اور یہ بتائیں کہ یہ کس چیز کی مثال ہے؟

سوال نمبر 18: مسند سببی کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: قال السكاكي: او للتعريض۔۔۔ الخ عبارت مذکورہ میں تعریض سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: مفعول بہ کو حذف کرنے کے فوائد میں سے کوئی ایک فائدہ تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: علم معانی کے اپنے ابواب میں انحصار کی وجہ تحریر کرتے ہوئے جمہور کے نزدیک صدق و کذب کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: مسند الیہ کو اسم موصول کے طور پر لانے کی کوئی 5 صورتیں مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: التفات کی تعریف کرتے ہوئے کوئی سی تین امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: إن، إذا، لو الفاظِ شرط کے استعمال کا فرق مع امثلہ واضح کیجئے۔

سوال نمبر 5: قصر حقیقی و غیر حقیقی کی تعریف بیان کرتے ہوئے ان میں سے ہر ایک کی دونوں قسموں کی مثال کے ساتھ وضاحت کیجئے۔